# قرآنی دعائیں

الشیخ حافظ محمد حبیب اللہ
الفضلی الختلی

اَعجازُ القُرآن

www.aejazulquran.com

# قرآنی دعائیں

## سورۃ فاتحہ حل مشکلات

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ ١ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۙ ٢
مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ؕ ٣ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ
ؕ ٤ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ ٥ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ
اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ۬ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَ لَا الضَّآلِّيۡنَ
ع ٧

All the praises and thanks be to Allah, the Lord of the Alameen (mankind, jinns and all that exists). The Most Beneficent, the Most Merciful. The Only Owner (and the Only Ruling Judge) of the Day of Recompense (i.e. the Day of Resurrection) The Only Owner (and the Only Ruling Judge) of the Day of Recompense (i.e. the Day of Resurrection) Guide us to the Straight Way The Way of those on whom You have bestowed Your Grace , nor of those who went astray (such as the Christians)

تمام حمد اللہ کے لیے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ رحمٰن ہے بہت رحم والا ہے۔ روزِ جزا کا مالک ہے۔ ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد طلب کرتے

ہیں۔ ہمیں سیدھی راہ پر استوار رکھ۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام کیا ہے۔ نہ ان کی جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ گمراہوں کی۔ (سورہ فاتحہ ۱۔۷)

## اللہ سے پناہ مانگنا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾

"I take Allahs Refuge from being among Al-Jahiloon (the ignorants or the foolish)."

میں نادان بننے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں (بقرہ:٦٧)

## قبولیت خدمت کی دعا

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٢٧﴾

"Our Lord! Accept (this service) from us. Verily! You are the All-Hearer, the All-Knower."

اے ہمارے رب! اسے قبول کر بیشک تو سننے والا علم والا ہے۔

(بقرہ:١٢٧)

## خیر و برکت کی دعا

رَبَّنَا وَ اجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۪ وَ اَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَ تُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ

أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١٢٨﴾ رَبَّنَا وَ ابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا
مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ
الْحِكْمَةَ وَ يُزَكِّيهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١٢٩﴾ ع

"Our Lord! And make us submissive unto You and of our offspring a nation submissive unto You, and show us our Manasik (all the ceremonies of pilgrimage - Hajj and Umrah, etc.), and accept our repentance. Truly, You are the One Who accepts repentance, the Most Merciful. "Our Lord! Send amongst them a Messenger of their own (and indeed Allah answered their invocation by sending Muhammad Peace be upon him ), who shall recite unto them Your Verses and instruct them in the Book (this Quran) and Al-Hikmah (full knowledge of the Islamic laws and jurisprudence or wisdom or Prophethood, etc.), and sanctify them. Verily! You are the All-Mighty, the All-Wise."

اے ہمارے رب! ہم کو مسلم یعنی تابعدار بنا اور ہماری ذریت یعنی اولاد میں سے ایک اُمت جو تجھے ماننے والی ہو پیدا کر دے۔ اور ہمیں عبادت کے طریقے بتا اور ہم سے دَرگزر کر۔ بیشک تو توبہ قبول کرنے والا رحیم ہے۔ اے ہمارے رب! ان میں سے ایک رسول مبعوث فرما جو ان پر تیری آیات تلاوت کرے اور انھیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کا تزکیہ کرے۔ بیشک تو غالب حکمت والا ہے۔ (بقرہ:۱۲۸۔۱۲۹)

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پسندیدہ دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾

"Our Lord! Give us in this world that which is good and in the Hereafter that which is good, and save us from the torment of the Fire!"

اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔ (بقرہ:۲۰۱)

## ثابت قدم رہنے کی دعا

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ﴿۲۵۰﴾ؕ

"Our Lord! Pour forth on us patience and make us victorious over the disbelieving people."

اے ہمارے رب ہمارے صبر میں زیادتی کر اور ہمیں ثابت قدم کردے اور کافروں کی قوم پر ہماری مدد فرما۔ (بقرہ:۲۵۰)

## گناہوں سے معافی مانگنے کی دعا

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا

تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ
رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا ۗ وَ
اغۡفِرۡ لَنَا ۗ وَارۡحَمۡنَا ۗ اَنۡتَ مَوۡلٰٮنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى
الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿٢٨٦﴾

"Our Lord! Punish us not if we forget or fall into error, our Lord! Lay not on us a burden like that which You did lay on those before us (Jews and Christians); our Lord! Put not on us a burden greater than we have strength to bear. Pardon us and grant us Forgiveness. Have mercy on us. You are our Maula (Patron, Suppor-ter and Protector, etc.) and give us victory over the disbelieving people.

اے ہمارے رب! ہمارے بھولنے اور خطا کرنے پر مواخذہ نہ کر۔ اے ہمارے رب ہم پر بھاری وزن نہ ڈال جیسا کہ تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جسے برداشت کرنے کی ہم میں طاقت نہیں، ہمیں معاف فرما اور ہماری مغفرت کر اور ہم پر رحم کر، تو ہمارا مولیٰ ہے، پس کافروں کی قوم پر ہماری مدد فرما۔ (بقرہ: ۲۸۶)

## آیت الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا

نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِيۡ
يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا
خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِشَيۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ
وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا يَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الۡعَلِيُّ الۡعَظِيۡمُ ﴿۲۵۵﴾

Allah! La ilaha illa Huwa (none has the right to be worshipped but He), the Ever Living, the One Who sustains and protects all that exists. Neither slumber, nor sleep overtake Him. To Him belongs whatever is in the heavens and whatever is on earth. Who is he that can intercede with Him except with His Permission? He knows what happens to them (His creatures) in this world, and what will happen to them in the Hereafter . And they will never compass anything of His Knowledge except that which He wills. His Kursee extends over the heavens and the earth, and He feels no fatigue in guarding and preserving them. And He is the Most High, the Most Great.

اللہ ہی معبود برحق ہے اُس کے سوا کوئی نہیں، وہ زندہ قائم ہے، اسے اونگھ اور نیند نہیں آتی، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا ہے۔ کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے پاس شفاعت کرے۔ وہ جانتا ہے جو ان کے آگے

ہے اور جو کچھ پیچھے ہوا ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اور اس کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کا احاطہ کیا ہوا ہے۔ اور ان کی حفاظت اس پر دشوار نہیں، اور وہ عالی عظمت والا ہے۔
(بقرہ:۲۵۵)

## حصول رحمت کی دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾

"Our Lord! Let not our hearts deviate (from the truth) after You have guided us, and grant us mercy from You. Truly, You are the Bestower."

ہمارے رب! ہدایت عطا کرنے کے بعد ہمارے دلوں کی کسی اور طرف نہ پھیر اور ہمارے لیے رحمت کا نزول فرما، بیشک تو بہت عطا کرنے والا ہے۔(آل عمران:۸)

## خاتمہ بالایمان کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿٩﴾ ع

Our Lord! Verily, it is You Who will gather mankind

together on the Day about which there is no doubt. Verily, Allah never breaks His Promise".

اے ہمارے ربّ تو سب لوگوں کو اس دن جمع کرنے والا ہے جس میں شک نہیں، بیشک مقررشدہ وقت بدلتا نہیں۔(آل عمران:۹)

## حصول قرب الٰہی کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ۚ﴿۱۶﴾

"Our Lord! We have indeed believed, so forgive us our sins and save us from the punishment of the Fire."

اے ہمارے رب بے شک ہم ایمان لائے پس ہمارے گناہ معاف کردے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔(آل عمران:۱۶)

## صاحب عزت بننے کی دعا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ؕ﴿۱۸﴾

(none has the right to be worshipped but He), the All-Mighty, the All-Wise.

اُس کے سوا کوئی معبود نہیں جو غلبے والا اور حکمت والا ہے۔(آل عمران:۱۸)

## کشادگی رزق کی دعا

اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الۡمُلۡكِ تُؤۡتِى الۡمُلۡكَ مَنۡ تَشَآءُ وَ تَنۡزِعُ

الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ
تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾
تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۫ وَ تُخْرِجُ
الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ ۫ وَ تَرْزُقُ
مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

"O Allah! Possessor of the kingdom, You give the kingdom to whom You will, and You take the kingdom from whom You will, and You endue with honour whom You will, and You humiliate whom You will. In Your Hand is the good. Verily, You are Able to do all things. You make the night to enter into the day, and You make the day to enter into the night (i.e. increase and decrease in the hours of the night and the day during winter and summer), You bring the living out of the dead, and You bring the dead out of the living. And You give wealth and sustenance to whom You will, without limit (measure or account).

اے اللہ! ملک کے مالک تو جسے چاہے ملک عطا کرے اور جس سے چاہے
ملک چھین لے اور تو جسے چاہے عزّت عطا کرے۔ اور جسے چاہے ذلت
دے۔ بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ! تو
رات سے دن کو ظاہر کرتا ہے اور دن کو رات میں تبدیل کرتا ہے۔ اور زندہ کو

مُردے سے پیدا کرتا ہے اور مُردے کو زندہ سے نکالتا ہے اور جِسے چاہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے۔(آل عمران:۲۶ تا ۲۷)

## حصول اولاد کی دعا

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

"O my Lord! Grant me from You, a good offspring. You are indeed the All-Hearer of invocation."

اے میرے رب مجھے اپنے ہاں سے صالح اولاد عطا کر۔ بیشک تو دُعا کو سننے والا ہے۔(آل عمران:۳۸)

## استقامت ایمان کی دعا

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَ اتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۳﴾

Our Lord! We believe in what You have sent down, and we follow the Messenger (Iesa (Jesus)); so write us down among those who bear witness (to the truth i.e. La ilaha ill-Allah - none has the right to be worshipped but Allah).

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے اس پر جو تو نے رسول پر اُتارا ہے پس

ہمیں گواہوں میں سے شمار کر لے (آل عمران: ۵۳)

## مجاہدین اسلام کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ اِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

And they said nothing but: "Our Lord! Forgive us our sins and our transgressions (in keeping our duties to You), establish our feet firmly, and give us victory over the disbelieving folk."

اے ہمارے رب ہمارے گناہ معاف کر دے اور کاموں میں ہماری زیادتیاں بھی معاف کر دے اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کی قوم پر ہماری مدد فرما دے۔(آل عمران: ۱۴۷)

## ہمارے لئے اللہ کافی ہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾

"Allah (Alone) is Sufficient for us, and He is the Best Disposer of affairs (for us)."

ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہ بہتر کارساز ہے۔(آل عمران: ۱۷۳)

## استقامت ایمان کی دعائیں

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ

النَّارِ ﴿١٩١﴾

Lord! You have not created (all) this without purpose, glory to You! (Exalted be You above all that they associate with You as partners). Give us salvation from the torment of the Fire.

اے ہمارے رب تو نے مخلوق کو بے مطلب نہیں بنایا۔ تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔ (آل عمران:۱۹۱)

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿١٩٢﴾

"Our Lord! Verily, whom You admit to the Fire, indeed, You have disgraced him, and never will the Zalimoon (polytheists and wrong-doers) find any helpers.

اے ہمارے رب جسے تو آگ میں داخل کرے گا تو وہ ضرور رسوا ہوا، اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔ (آل عمران:۱۹۲)

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖۗ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾ ج

"Our Lord! Verily, we have heard the call of one (Muhammad SAW) calling to Faith: Believe in your Lord, and we have believed. Our Lord! Forgive us our sins and remit from us our evil deeds, and make us die in the

state of righteousness along with Al-Abrar (those who are obedient to Allah and follow strictly His Orders).

اے ہمارے ربّ ہم نے منادی کرنے والے کو سُنا جو ایمان کی طرف بلاتا تھا کہ اپنے رب پر ایمان لے آؤ پس ہم ایمان لے آئے۔ ہمارے رب ہمارے گناہ معاف کردے اور ہم سے تمام برائیوں کو دُور کردے اور ہمیں ابراروں (نیکوں) کے ساتھ موت دے۔(آل عمران: ۱۹۳)

رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ لَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾

"Our Lord! Grant us what You promised unto us through Your Messengers and disgrace us not on the Day of Resurrection, for You never break (Your) Promise."

اے ہمارے رب ہمیں وہ عطا کر جس کا تو نے اپنے رسولوں سے وعدہ کیا اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا۔ بیشک تو اپنے وعدہ کے خلاف نہیں جاتا۔(آل عمران: ۱۹۴)

## ظالم کے ظلم سے نجات کی دعا

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚۙ وَّ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ؕ ﴿۷۵﴾

"Our Lord! Rescue us from this town whose people are

oppressors; and raise for us from You one who will protect, and raise for us from You one who will help."

اے ہمارے رب ہمیں اس بستی کے ظالم لوگوں سے نجات دے اور ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی دوست بنا دے، اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی مددگار بنا دے۔ (نساء:۷۵)

## فاسق قوم سے نجات کی دعا

رَبِّ اِنِّیۡ لَاۤ اَمۡلِکُ اِلَّا نَفۡسِیۡ وَ اَخِیۡ فَافۡرُقۡ بَیۡنَنَا وَ بَیۡنَ الۡقَوۡمِ الۡفٰسِقِیۡنَ ﴿۲۵﴾

"O my Lord! I have power only over myself and my brother, so separate us from the people who are the Fasiqoon (rebellious and disobedient to Allah)!"

اے میرے رب مجھے تو اپنا اور اپنے بھائی کا صرف اختیار ہے تو ہم میں اور اس فاسق قوم میں جدائی ڈال دے۔ (مائدہ:۲۵)

## ہدایت پانے کی دعا

رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاکۡتُبۡنَا مَعَ الشّٰہِدِیۡنَ ﴿۸۳﴾

"Our Lord! We believe; so write us down among the witnesses.

اے ہمارے رب ہم ایمان لائے ہیں تو ہمیں گواہوں میں شمار کر لے۔

(مائدہ:۸۳)

## کشادگی رزق کی دعا

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿١١٤﴾

"O Allah, our Lord! Send us from heaven a table spread (with food) that there may be for us - for the first and the last of us - a festival and a sign from You; and provide us sustenance, for You are the Best of sustainers."

اللہ ! ہم پر آسمان سے کھانے کا ایک خوان نازل فرما جو ہمارے لیے اور ہم سے پہلے اور بعد میں آنے والوں کے لیے خوشی کا موقعہ بن جائے جو تیری طرف سے نشانی ہو اور ہمیں رزق دے اور تو سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔(مائدہ:۱۱۴)

## حصول رضائے الٰہی کی دعا

اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٢﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾

"Verily, my Salat (prayer), my sacrifice, my living, and my dying are for Allah, the Lord of the Alameen (mankind, jinns and all that exists)."He has no partner. And of this I have been commanded, and I am the first of the Muslims."

بیشک میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ اسکا کوئی شریک نہیں۔ اور مجھے یہی حکم ہے کہ میں سب سے پہلے مسلمان ہوں۔ (انعام: ۱۶۲۔ ۱۶۳)

## حضرت آدم علیہ السلام کی دعا

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

"Our Lord! We have wronged ourselves. If You forgive us not, and bestow not upon us Your Mercy, we shall certainly be of the losers."

اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ اور اگر تو ہماری بخشش نہ کرے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ (اعراف ۲۳)

## اصحاب اعراف کی دعا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾

"Our Lord! Place us not with the people who are Zalimoon (polytheists and wrongdoers)."

ہمارے رب! ہمیں ظالم قوم میں شامل نہ کر۔(اعراف ۴۷)

## حضرت شعیب علیہ السلام کی دعا

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَ اَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾

Our Lord! Judge between us and our people in truth, for You are the Best of those who give judgment."

اے ہمارے رب ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دے اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔(الاعراف:۸۹)

## مصائب پر صبر کی دعا

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

our Lord when they reached us! Our Lord! pour out on us patience, and cause us to die as Muslims."

اے ہمارے رب ہمارے صبر میں اضافہ کر دے اور ہمیں اس حال میں موت دے کہ ہم مسلمان ہوں۔(اعراف:۱۲۶)

## حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعائے توبہ

سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

"Glory be to You, I turn to You in repentance and I am the first of the believers."

پاک ہے میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔(اعراف:۱۴۳)

## مسلمان بھائی کیلئے استغفار

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

"O my Lord! Forgive me and my brother, and make us enter into Your Mercy, for you are the Most Merciful of those who show mercy."

اے میرے رب مجھے اور میرے بھائی کو معاف کردے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر کیونکہ تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم والا ہے۔

(اعراف:۱۵۱)

## حصول زیارت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾

Verily, there has come unto you a Messenger (Muhammad SAW) from amongst yourselves (i.e. whom

you know well). It grieves him that you should receive any injury or difficulty. He (Muhammad SAW) is anxious over you (to be rightly guided, to repent to Allah, and beg Him to pardon and forgive your sins, in order that you may enter Paradise and be saved from the punishment of the Hell-fire), for the believers (he SAW is) full of pity, kind, and merciful.

بیشک تمھارے پاس تم میں سے رسول تشریف لائے تمھارا مشقت میں پڑنا ان پر گراں گزرتا ہے تمہاری بھلائی کے بہت خواہشمند ہیں مومنوں پر مہربانی اور رحم کرنیوالے ہیں۔(التوبہ: ۱۲۸)

## حصول عنایات کی دعا

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾

"Allah is sufficient for me. La ilaha illa Huwa (none has the right to be worshipped but He), in Him I put my trust and He is the Lord of the Mighty.\

میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا جو عرش عظیم کا رب ہے۔(توبہ:۱۲۹)

## ظالم قوم سے نجات کی دعا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَ نَجِّنَا

بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾

Our Lord! Make us not a trial for the folk who are Zalimoon (polytheists and wrong-doing) (i.e. do not make them overpower us)."And save us by Your Mercy from the disbelieving folk."

اے ہمارے رب ہمیں ظالموں کی قوم کے لیے آزمائش کا نشانہ نہ بنا۔ اور ہمیں اپنی رحمت کے باعث کافروں کی قوم سے نجات دے۔

(یونس:٨٥تا٨٦)

## دشمنانِ دین پر غلبے کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَ مَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّ اَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَ اشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾

"Our Lord! You have indeed bestowed on Firaun (Pharaoh) and his chiefs splendour and wealth in the life of this world, our Lord! That they may lead men astray from Your Path. Our Lord! Destroy their wealth, and harden their hearts, so that they will not believe until they see the painful torment."

اے ہمارے رب بیشک تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو آسودگی دی ہے

اور دنیوی زندگی میں دولت دی ہے۔ اے ہمارے رب تا کہ وہ تیرے راستے سے گمراہ کریں، اے ہمارے رب ان کے مال تباہ کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے تا کہ وہ ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ دردناک عذاب کو دیکھ لیں۔ (یونس:۸۸)

## بحری جہاز میں سوار ہونے کی دعا

بِسۡمِ اللّٰهِ مَجۡرٖىهَا وَ مُرۡسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّىۡ لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۴۱﴾

in the Name of Allah will be its moving course and its resting anchorage. Surely, my Lord is Oft-Forgiving, Most Merciful."

اس کا چلنا اور ٹھہرنا اللہ کے نام سے ہے، بیشک میرا رب مغفرت والا رحم والا ہے۔ (ہود: ۴۱)

## حضرت نوح علیہ السلام کا استغفار

رَبِّ اِنِّىۡۤ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَسۡـئَلَكَ مَا لَـيۡسَ لِىۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ وَاِلَّا تَغۡفِرۡ لِىۡ وَتَرۡحَمۡنِىۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۴۷﴾

"O my Lord! I seek refuge with You from asking You that of which I have no knowledge. And unless You forgive me and have Mercy on me, I would indeed be one of the

losers."

اے میرے رب میں تجھ سے اس بات کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں تجھ سے ایسا سوال کروں جس کا مجھے علم نہ ہو۔ اور اگر تو مجھے نہ بخشے اور مجھ پر رحم نہ کرے تو میں نقصان اٹھانے والوں سے ہو جاؤں۔ (ہود ۴۷)

## توکل علی اللہ کی دعا

وَ مَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ اِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾

And my guidance cannot come except from Allah, in Him I trust and unto Him I repent.

اور میری توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ میں نے اسی پر توکل کیا ہے اور اسی کی طرف متوجہ ہوں۔ (ہود: ۸۸)

## عصمت کی حفاظت کی دعا

رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَ اِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَ اَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾

"O my Lord! Prison is more to my liking than that to which they invite me. Unless You turn away their plot from me, I will feel inclined towards them and be one (of

those who commit sin and deserve blame or those who do deeds) of the ignorants."

اے میرے رب مجھے قید میں رہنا قبول ہے جس کی طرف وہ مجھے بلاتی ہے اور اگر تم نے ان کا فریب مجھ سے نہ ٹالا تو میں ان کی طرف راغب ہو جاؤں گا اور بے سمجھوں میں سے ہو جاؤں گا۔ (یوسف:۳۳)

## اللہ کی حفاظت میں رہنے کی دعا

فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۶۴﴾

But Allah is the Best to guard, and He is the Most Merciful of those who show mercy."

اللہ بہتر حفاظت کرنے والا ہے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ (یوسف:۶۴)

## دنیا و آخرت میں فلاح کی دعا

رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَ عَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۫ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾

"My Lord! You have indeed bestowed on me of the sovereignty, and taught me the interpretation of dreams;

The (only) Creator of the heavens and the earth! You are my Walee (Protector, Helper, Supporter, Guardian, etc.) in this world and in the Hereafter, cause me to die as a Muslim (the one submitting to Your Will), and join me with the righteous."

اے میرے رب! تو نے مجھے ایک مملکت دی اور خوابوں کی تعبیر کا علم دیا۔ پس اے آسمانوں اور زمین کو بنانے والے، تو میرا دنیا اور آخرت میں کارساز ہے۔ مجھے مسلمانی پر وفات دینا اور صالحین کے ساتھ شامل کر دینا۔

(یوسف:١٠١)

## خیر و عافیت کی دعا

رَبِّ اجۡعَلۡ هٰذَا الۡبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجۡنُبۡنِىۡ وَبَنِىَّ اَنۡ نَّعۡبُدَ الۡاَصۡنَامَ ۝٣٥

"O my Lord! Make this city (Makkah) one of peace and security, and keep me and my sons away from worshipping idols.

اے میرے رب اس شہر یعنی مکہ کو امن والا شہر بنا دے مجھے اور میری اولاد کو بتوں کی پرستش سے بچائے رکھ۔ (ابراہیم:٣٥)

رَبَّنَاۤ اِنِّىۡۤ اَسۡكَنۡتُ مِنۡ ذُرِّيَّتِىۡ بِوَادٍ غَيۡرِ ذِىۡ زَرۡعٍ عِنۡدَ بَيۡتِكَ الۡمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُـقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ فَاجۡعَلۡ

اَفۡـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهۡوِىۡۤ اِلَيۡهِمۡ وَارۡزُقۡهُمۡ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَشۡكُرُوۡنَ ﴿۳۷﴾

"O our Lord! I have made some of my offspring to dwell in an uncultivable valley by Your Sacred House (the Kabah at Makkah); in order, O our Lord, that they may perform As-Salat (Iqamat-as-Salat), so fill some hearts among men with love towards them, and (O Allah) provide them with fruits so that they may give thanks.

اے ہمارے رب بیشک میں نے اپنی اولاد کو مکہ کی وادی میں تیرے مقدس گھر کے پاس آباد کر دیا جہاں زراعت نہیں کی جاتی۔ تاکہ اے ہمارے رب یہ نماز قائم رکھیں پس تو لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف متوجہ کر دے اور انھیں پھلوں سے رزق دے تاکہ وہ تیرے شکر گزار ہو جائیں۔ (ابراھیم: ۳۷)

## اللہ ظاہر و باطن کو جانتا ہے

رَبَّنَاۤ اِنَّكَ تَعۡلَمُ مَا نُخۡفِىۡ وَمَا نُعۡلِنُ‌ؕ وَمَا يَخۡفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنۡ شَىۡءٍ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾

"O our Lord! Certainly, You know what we conceal and what we reveal. Nothing on the earth or in the heaven is hidden from Allah.

اے ہمارے رب بیشک تو ہماری پوشیدہ اور ظاہری باتوں کو جانتا ہے۔ اور زمین اور آسمان میں کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں ہے۔ (ابراھیم ۳۸)

## اللہ کی حمد و ثناء

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ وَهَبَ لِیۡ عَلَی الۡكِبَرِ اِسۡمٰعِیۡلَ وَ اِسۡحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیۡ لَسَمِیۡعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾

"All the praises and thanks be to Allah, Who has given me in old age Ismail (Ishmael) and Ishaque (Isaac). Verily! My Lord is indeed the All-Hearer of invocations

تمام حمد و ثنا اللہ ہی کے لیے ہے جس نے مجھے بڑھاپے میں اسمٰعیل اور اسحٰق عطا فرمائے۔ بیشک میرا رب دُعا سننے والا ہے۔ (ابراہیم:۳۹)

## والدین اور مسلمانوں کیلئے بخشش کی دعا

رَبِّ اجۡعَلۡنِیۡ مُقِیۡمَ الصَّلٰوۃِ وَ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ ٭ۖ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلۡ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِیۡ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ ﴿۴۱﴾ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِیۡ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ ﴿۴۱﴾

"O my Lord! Make me one who performs As-Salat (Iqamat-as-Salat), and (also) from my offspring, our Lord! And accept my invocation."Our Lord! Forgive me and my parents, and (all) the believers on the Day when the reckoning will be established."

اے میرے رب مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنا دے۔ اے ہمارے رب ہماری دُعا قبول فرما۔اے ہمارے رب مجھے اور میرے والدین اور مومنین کو بخش دینا جس دن حساب کیا جائے گا۔

(ابراہیم: ۴۰۔۴۱)

## والدین کے حق میں اولاد کی دعا

رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِىۡ صَغِيۡرًا ؕ ﴿۲۴﴾

"My Lord! Bestow on them Your Mercy as they did bring me up when I was small."

اپنے رب سے دعا کرو کہ جس طرح انھوں نے مجھ پر بچپن میں رحم کیا ایسے ہی تو ان پر رحم فرما۔(بنی اسرائیل: ۲۴)

## ہجرت کے وقت کی دعا

رَّبِّ اَدۡخِلۡنِىۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِىۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلْ لِّىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا ﴿۸۰﴾

My Lord! Let my entry (to the city of Al-Madinah) be good, and likewise my exit (from the city of Makkah) be good. And grant me from You an authority to help me (or a firm sign or a proof).

اے میرے رب مجھے سچائی کے ساتھ مدینے میں داخل کر اور مکّے سے سچائی

کے ساتھ نکال اور میرے لیے اپنے ہاں سے غلبہ دینے والا مددگار عطا کر۔(بنی اسرائیل ۸۰)

## اصحاب کہف کی دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ۝١٠

"Our Lord! Bestow on us mercy from Yourself, and facilitate for us our affair in the right way!"

ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر اور ہمارے کام میں ہدایت مہیا کر دے۔( کہف:۱۰)

## حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا

رَبِّ اِنِّىۡ وَهَنَ الۡعَظۡمُ مِنِّىۡ وَاشۡتَعَلَ الرَّاۡسُ شَيۡبًا وَّلَمۡ
اَكُنۡۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝٤ وَاِنِّىۡ خِفۡتُ الۡمَوَالِىَ مِنۡ
وَّرَآءِىۡ وَكَانَتِ امۡرَاَتِىۡ عَاقِرًا فَهَبۡ لِىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ وَلِيًّا
۝٥ يَّرِثُنِىۡ وَيَرِثُ مِنۡ اٰلِ يَعۡقُوۡبَ ‌ۖ وَاجۡعَلۡهُ رَبِّ
رَضِيًّا ۝٦

"My Lord! Indeed my bones have grown feeble, and grey hair has spread on my head, And I have never been

unblest in my invocation to You, O my Lord!"And Verily! I fear my relatives after me, since my wife is barren. So give me from Yourself an heir,"Who shall inherit me, and inherit (also) the posterity of Yaqoob (Jacob) (inheritanc of the religious knowledge and Prophethood, not the wealth, etc.). And make him, my Lord, one with whom You are Well-pleased!".

اے میرے رب بیشک میری ہڈیوں میں طاقت نہیں رہی اور میرا سر بڑھاپے سے سفید ہوگیا ہے اور میرے رب میں تجھ سے دُعا مانگ کر کبھی نامراد نہیں رہا۔اور بیشک میں اپنے بعد اپنے ورثاء سے خوفزدہ ہوں اور میری بیوی بانجھ ہے پس مجھے اپنے پاس سے وارث دے۔جو میرا اور آلِ یعقوب کا وارث بنے۔اور اسے پسندیدہ بنادے۔(مریم:۴-۶)

## حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ﴿٢٧﴾

"O my Lord! Open for me my chest (grant me self-confidence, contentment, and boldness) "And ease my task for me; "And make loose the knot (the defect) from my tongue,

اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے۔اور میرا کام میرے

لیے آسان کردے۔اور میری زبان کی عقدہ کشائی کردے۔

(طٰہٰ ۲۵ تا ۲۷)

## خوف سے نجات کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَآ اَوْ اَنْ یَّطْغٰی ﴿۴۵﴾

"Our Lord! Verily! We fear lest he should hasten to punish us or lest he should transgress (all bounds against us)."

اے ہمارے رب ہم خوفزدہ ہیں کہ وہ ہم پر دست درازی نہ کرے یا حد سے نہ بڑھے۔(طٰہٰ:۴۵)

## اضافہ علم کی دعا

رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾

"My Lord! Increase me in knowledge."

اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرمادے۔(طٰہٰ:۱۱۴)

## حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا

اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾

"Verily, distress has seized me, and You are the Most Merciful of all those who show mercy."

میں شدید تکلیف میں مبتلا ہوں اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔(انبیاء:۸۳)

## حضرت یونس علیہ السلام کی دعا

لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ ۚ

(none has the right to be worshipped but You (O Allah)), Glorified (and Exalted) are You (above all that (evil) they associate with You). Truly, I have been of the wrong-doers."

تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تیری ذات پاک ہے۔ بیشک میں ہی بے جا کرنے والوں میں سے ہوں۔(انبیاء:۸۷)

## حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا

رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ ۚ

"O My Lord! Leave me not single(childless), though You are the Best of the inheritors."

اے میرے رب مجھے اکیلا نہ رکھ اور تو بہتر وارثوں میں سے ہے۔

(انبیاء:۸۹)

## اللہ سے مدد طلب کرنے کی دعا

رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا

تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع

"My Lord! Judge You in truth! Our Lord is the Most Beneficent, Whose Help is to be sought against that which you attribute (unto Allah that He has offspring, and unto Muhammad SAW that he is a sorcerer, and unto the Quran that it is poetry, etc.)!"

اے رب حق کے ساتھ فیصلہ کردے۔اور جو باتیں تم بناتے ہو اس پر ہمارے رب رحمٰن ہی کی مدد کی ضرورت ہے۔(انبیاء:۱۱۲)

## سفر میں حفاظت کی دعا

رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۲۹﴾

"My Lord! Cause me to land at a blessed landing-place, for You are the Best of those who bring to land."

اے میرے رب مجھے برکت والی جگہ پر اتار تو ہی سب سے بہتر منزل دینے والا ہے۔(مومنون:۲۹)

## غضب الٰہی سے محفوظ رہنے کی دعا

رَّبِّ اِمَّا تُرِیَنِّیْ مَا یُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ لا رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِیْ فِی الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۹۴﴾

" My Lord! If You would show me that with which they

are threatened (torment),"My Lord! Then (save me from Your Punishment), and put me not amongst the people who are the Zalimoon (polytheists and wrong-doing)."

اے میرے رب اگر وہ عذاب جن کا ان سے وعدہ ہے میری موجودگی میں آجائے۔تو مجھے اس ظلم کرنے والی قوم میں شامل نہ کرنا۔(مومنون: ۹۴)

## فحش برائیوں سے بچنے کی دعا

رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَ اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

"My Lord! I seek refuge with You from the whisperings (suggestions) of the Shayatin (devils)."And I seek refuge with You, My Lord! lest they may attend (or come near) me."

اے میرے رب میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔اور اے میرے رب میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔(مومنون: ۹۷۔۹۸)

## حقیقت ظاہر ہونے کی دعا

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

"Our Lord! Bring us out of this; if ever we return (to evil), then indeed we shall be Zalimoon: (polytheists,

oppressors, unjust, and wrong-doers, etc.)."

اے ہمارے رب ہمیں اس سے باہر لے آ پھر اگر ہم ویسا ہی کریں تو بے شک ہم ظالم ہوں گے۔(مومنون ۱۰۷)

## حصول مغفرت ورحمت کی دعا

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۚ﴿۱۰۹﴾

"Our Lord! We believe, so forgive us, and have mercy on us, for You are the Best of all who show mercy!"

اے ہمارے رب ہم ایمان لائے پس ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو بہتر رحم کرنے والوں سے ہے۔(مومنون:۱۰۹)

## طلب مغفرت ورحم کی دعا

رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

"My Lord! Forgive and have mercy, for You are the Best of those who show mercy!"

اے میرے رب بخش دے اور رحم کر اور تو سب رحم کرنے والوں میں بہتر ہے۔(مومنون:۱۱۸)

## عذاب جہنم سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ﴿٦٦﴾

"Our Lord! Avert from us the torment of Hell. Verily! Its torment is ever an inseparable, permanent punishment."Evil indeed it (Hell) is as an abode and as a place to dwell.

اے ہمارے رب ہم سے جہنم کے عذاب کو دور رکھ بے شک اس کا عذاب بڑا خطرناک ہے بلاشبہ وہ ٹھہرنے اور قیام کرنے کی جگہ بہت بری ہے۔

(فرقان:٦٥-٦٦)

## اہل وعیال کے نیک ہونے کی دعا

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴿٧٤﴾

"Our Lord! Bestow on us from our wives and our offspring who will be the comfort of our eyes, and make us leaders for the Muttaqoon"

اے ہمارے رب ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک پہنچا اور ہم کو پرہیزگاروں کا امام بنادے۔(فرقان: ٧٤)

## سعادت دارین کی دعا

رَبِّ هَبۡ لِىۡ حُكۡمًا وَّاَلۡحِقۡنِىۡ بِالصّٰلِحِيۡنَ ﴿۸۳﴾ وَاجۡعَلۡ لِّىۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِى الۡاٰخِرِيۡنَ ﴿۸۴﴾ وَاجۡعَلۡنِىۡ مِنۡ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيۡمِ ﴿۸۵﴾

My Lord! Bestow Hukman (religious knowledge, right judgement of the affairs and Prophethood) on me, and join me with the righteous;And grant me an honourable mention in later generations;And make me one of the inheritors of the Paradise of Delight;

اے میرے رب! مجھے حکم عطا کر اور مجھے اپنے صالحین کے ساتھ ملا دے۔اور آئندہ آنے والوں میں میرا ذکر خیر کر دے۔اور مجھے جنت نعیم کے وارثوں میں سے بنا دے۔(شعراء: ۸۳۔۸۵)

## مومنوں کی نجات کی دعا

رَبِّ اِنَّ قَوۡمِىۡ كَذَّبُوۡنِ ﴿۱۱۷﴾ فَافۡتَحۡ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَهُمۡ فَتۡحًا وَّنَجِّنِىۡ وَمَنۡ مَّعِىَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۱۸﴾

"My Lord! Verily, my people have belied me. Therefore judge You between me and them, and save me and those of the believers who are with me."

اے میرے رب میری قوم نے مجھے جھٹلایا ہے پس میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کردے اور مجھے اور میرے ساتھ مومنین کو نجات۔ (شعراء:۱۱۷۔۱۱۸)

## حضرت لوط علیہ السلام کی دعا

رَبِّ نَجِّنِیْ وَ اَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

"My Lord! Save me and my family from what they do."

اے میرے رب مجھے اور میرے اہل خانہ کو ان کے برے اعمال سے نجات دے۔(شعراء:۱۶۹)

## حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ عَلٰی وَالِدَیَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾

"My Lord! Inspire and bestow upon me the power and ability that I may be grateful for Your Favours which You have bestowed on me and on my parents, and that I may do righteous good deeds that will please You, and admit me by Your Mercy among Your righteous slaves."

اے رب مجھے توفیق دے کہ جو نعمت تو نے مجھے عطا کی ہے اس نعمت کا شکر ادا

کروں اور جو نعمت میرے ماں باپ کو دی ہے اسکا شکر بھی ادا کروں اور میں اس طرح کا صالح عمل کروں جس میں تیری رضا ہو اور مجھے اپنی رحمت کے باعث اپنے قریبی بندوں میں شامل کرلے۔ (نمل:١٩)

## دعائے استغفار

رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿١٦﴾

"My Lord! Verily, I have wronged myself, so forgive me." Then He forgave him. Verily, He is the Oft-Forgiving, the Most Merciful.

اے میرے رب مجھ سے اپنی جان پر زیادتی ہوگئی پس تو میری مغفرت کردے تو اللہ نے انھیں معاف کردیا۔ بیشک وہ بخشنے والا رحم والا ہے۔ (قصص:١٦)

## دشمن کے شر سے نجات کی دعا

رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿٢١﴾

"My Lord! Save me from the people who are Zalimoon (polytheists and wrong-doers)!"

اے رب مجھے ظالموں کی قوم سے نجات دے۔ (قصص:٢١)

## رزق میں برکت کی دعا

رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ ﴿۲۴﴾

"My Lord! Truly, I am in need of whatever good that You bestow on me!"

اے میرے رب جو کچھ تو نے مجھے نیکی کی توفیق دی ہے میں اسکا طالب تھا۔ (قصص:۲۴)

## مفسد لوگوں سے محفوظ رہنے کی دعا

رَبِّ انۡصُرۡنِیۡ عَلَی الۡقَوۡمِ الۡمُفۡسِدِیۡنَ ﴿۳۰﴾

"My Lord! Give me victory over the people who are Mufsidoon (those who commit great crimes and sins, oppressors, tyrants, mischief-makers, corrupts).

اے میرے رب فساد کرنے والی قوم پر میری مدد کر دے۔ (عنکبوت:۳۰)

## نیک کام کرنے کی دعا

رَبَّنَاۤ اَبۡصَرۡنَا وَ سَمِعۡنَا فَارۡجِعۡنَا نَعۡمَلۡ صَالِحًا اِنَّا مُوۡقِنُوۡنَ ﴿۱۲﴾

"Our Lord! We have now seen and heard, so send us back (to the world), we will do righteous good deeds.

Verily! We now believe with certainty."

اے ہمارے رب اب ہم نے دیکھا اور سنا ہمیں پھر بھیج کہ نیک کام کریں ہم کو یقین آ گیا۔ (السجدہ: ۱۲)

## خلاصی غم کی دعا

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ۟ۙ ﴿۳۴﴾

"All the praises and thanks be to Allah, Who has removed from us (all) grief. Verily, our Lord is indeed OftForgiving, Most Ready to appreciate (good deeds and to recompense).

اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے ہم سے غم دور کئے بے شک ہمارا پروردگار بخشنے والا بڑا قدردان ہے۔ (فاطر: ۳۴)

## نیک اعمال کی آرزو پیدا ہونے کی دعا

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِیْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۳۷﴾

"Our Lord! Bring us out, we shall do righteous good deeds, not (the evil deeds) that we used to do." (Allah

will reply): "Did We not give you lives long enough, so that whosoever would receive admonition, - could receive it? And the warner came to you. So taste you (the evil of your deeds). For the Zalimoon (polytheists and wrongdoers, etc.) there is no helper."

اے ہمارے پروردگار! ہم کو اس سے نکال لیجئے ہم اچھے کام کریں گے جو ہم برے کام کرتے تھے وہ نہیں کریں گے کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی تھی کہ جس شخص نے اس میں سمجھنا ہوتا یا وہ سمجھ جاتا اور تمہارے پاس میری طرف سے ڈرانے والا بھی آیا پس آج اس کا مزا چکھو کہ ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔(فاطر:۳۷)

## حصول نیک اولاد کی دعا

رَبِّ هَبۡ لِیۡ مِنَ الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۰۰﴾

"My Lord! Grant me (offspring) from the righteous."

اے میرے رب مجھے صالح اولاد عطا کر۔(صافات:۱۰۰)

## حضرت سلیمان علیہ السلام کا استغفار

رَبِّ اغۡفِرۡ لِیۡ وَ هَبۡ لِیۡ مُلۡكًا لَّا یَنۡۢبَغِیۡ لِاَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِیۡ ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ﴿۳۵﴾

"My Lord! Forgive me, and bestow upon me a kingdom

such as shall not belong to any other after me: Verily, You are the Bestower."

اے میرے رب! مجھے معاف کر اور مجھے ایسا ملک دے جس کی مثال میرے بعد بھی نہ ملے۔ بے شک تو بہت دینے والوں میں سے ہے۔

(ص:۳۵)

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خصوصی دعا

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

"O Allah! Creator of the heavens and the earth! All-Knower of the Ghaib (unseen) and the seen. You will judge between your slaves about that wherein they used to differ."

اے اللہ آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے غیب اور ظاہر کو جاننے والے تو ہی ان باتوں میں اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ فرمائے گا جن میں ایک دوسرے کا اختلاف ہے۔(زمر:۴۶)

## مومنوں کے حق میں فرشتوں کی دعا

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

تَابُوْا وَ اتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَ قِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۷﴾

"Our Lord! You comprehend all things in mercy and knowledge, so forgive those who repent and follow Your Way, and save them from the torment of the blazing Fire!

اے ہمارے رب تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز کی وسعت پر احاطہ کئے ہوئے ہے پس توبہ کرنے والوں کو بخش دے اور جو تیری راہ پر چلتے ہیں انہیں بخش دے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔(مومن:۷)

## مغفرت اور حصول جنت کی دعا

رَبَّنَا وَ اَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَ مَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ﴿۸﴾

"Our Lord! And make them enter the Adn (Eden) Paradise (everlasting Gardens) which you have promised them, and to the righteous among their fathers, their wives, and their offspring! Verily, You are the All-Mighty, the All-Wise.

اے ہمارے رب! انھیں جنت عدن داخل کر جن کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے اور ان کے باپ دادا اور بیویوں اور اولاد میں سے جو صالح ہوں ان کو۔ بیشک تو غلبے والا حکمت والا ہے۔مومن:۸)

## عذاب دوزخ سے بچنے کی دعا

رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثۡنَتَيۡنِ وَ اَحۡيَيۡتَنَا اثۡنَتَيۡنِ فَاعۡتَرَفۡنَا بِذُنُوۡبِنَا فَهَلۡ اِلٰى خُرُوۡجٍ مِّنۡ سَبِيۡلٍ ﴿۱۱﴾

"Our Lord! You have made us to die twice (i.e. we were dead in the loins of our fathers and dead after our deaths in this world), and You have given us life twice (i.e. life when we were born and life when we are Resurrected)! Now we confess our sins, then is there any way to get out (of the Fire)?"

اے ہمارے رب تو نے ہمیں دو مرتبہ موت دی اور دو مرتبہ ہی زندگی دی پس اب ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیا تو کیا یہاں سے نکلنے کا کوئی راستہ ہے۔(مومن:۱۱)

## فراوانی رزق کی دعا

اَللّٰهُ لَطِيۡفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرۡزُقُ مَنۡ يَّشَآءُ ۚ وَ هُوَ الۡقَوِىُّ الۡعَزِيۡزُ ﴿۱۹﴾

Allah is very Gracious and Kind to His slaves. He gives provisions to whom He wills. And He is the All-Strong, the All-Mighty.

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر لطف وکرم فرماتا ہے جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے۔

اور وہی عزّت والا غلبے والا ہے۔(شوریٰ:۱۹)

## سفر کرتے وقت کی دعا

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَ مَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

"Glory to Him who has subjected this to us, and we could never have it (by our efforts)."And verily, to Our Lord we indeed are to return!

پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لیے ان سواریوں کو مسخر کردیا کیونکہ ہم انھیں تابع کرنے کی قوت نہ رکھتے تھے۔اور بیشک ہم نے اپنے رب کی طرف پلٹ کر واپس جانا ہے۔(زخرف:۱۳۔۱۴)

## اولاد کو راہِ راست پر لانے کی دعا

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ عَلٰى وَالِدَیَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚؕ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۵﴾

"My Lord! Grant me the power and ability that I may be grateful for Your Favour which You have bestowed upon me and upon my parents, and that I may do righteous good deeds, such as please You, and make my

off-spring good. Truly, I have turned to You in repentance, and truly, I am one of the Muslims (submitting to Your Will)."

اے میرے رب مجھے اپنی نعمت کا شکر کرنے کی توفیق عطا فرما دے وہ نعمت جو تونے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی ہے اور میں تیری رضا کے مطابق صالح عمل کروں اور میری اولاد کو اصلاح پر قائم رکھ۔ بیشک میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور بلاشبہ میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ (احقاف:١٥)

## نفس کی گمراہی سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ﴿٢٧﴾

"Our Lord! I did not push him to transgress, (in disbelief, oppression, and evil deeds) but he was himself in error far astray."

اے ہمارے رب میں نے اُس کو سرکش نہیں بنایا تھا بلکہ یہ خود ہی دُور کی گمراہی میں پڑا ہوا تھا۔ (ق:٢٧)

## دشمن سے بچاؤ کی دعا

اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾

"I have been overcome, so help (me)!"

بیشک میں مغلوب ہوں پس میری مدد فرما۔ (قمر:١٠)

## حسد، بغض و کینہ سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَ لَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠﴾

"Our Lord! Forgive us and our brethren who have preceded us in Faith, and put not in our hearts any hatred against those who have believed. Our Lord! You are indeed full of kindness, Most Merciful.

اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے بخش دے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے بغض پیدا نہ ہونے دے۔ اے ہمارے رب بیشک تو شفقت کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔(حشر:١٠)

## کافروں کی ایذاؤں سے محفوظ رہنے کی دعا

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٤﴾ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ اغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٥﴾

" Our Lord! In You (Alone) we put our trust, and to You (Alone) we turn in repentance, and to You (Alone) is

(our) final Return,"Our Lord! Make us not a trial for the disbelievers, and forgive us, Our Lord! Verily, You, only You are the All-Mighty, the All-Wise."

اے ہمارے رب! ہم نے تجھی پر توکل کیا ہے اور تیری طرف رجوع کیا اور تیری طرف ہی لوٹنا ہے۔اے ہمارے رب! ہمیں اہلِ کفر کی آزمائش میں مبتلا نہ کرا اور اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے بیشک تو عزیز ہے حکیم ہے۔ (ممتحنہ:۴-۵)

## پل صراط سے بحفاظت گزرنے کی دعا

رَبَّنَآ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَ اغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۸﴾

"Our Lord! Keep perfect our Light for us (and do not put it off till we cross over the Sirat (a slippery bridge over the Hell) safely) and grant us forgiveness. Verily, You are Able to do all things ."

اے ہمارے رب! ہمارے نور کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دے اور ہمیں بخش دے۔ بیشک تو ہر چیز قادر ہے۔(تحریم:۸)

## فرعون کی بی بی آسیہ کی دعا

رَبِّ ابۡنِ لِىۡ عِنۡدَكَ بَيۡتًا فِى الۡجَـنَّةِ وَنَجِّنِىۡ مِنۡ فِرۡعَوۡنَ

وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۱﴾

"My Lord! Build for me a home with You in Paradise, and save me from Firaun (Pharaoh) and his work, and save me from the people who are Zalimoon (polytheists, wrong-doers and disbelievers in Allah).

اے میرے رب! میرے لیے جنت میں اپنے ہاں ایک گھر بنا دے اور مجھے فرعون اور اس کے اعمال سے بچا لے اور مجھے ظالموں کی قوم سے نجات دے۔ (تحریم:۱۱)

## سورہ کافرون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱﴾ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲﴾ وَ لَاۤ
اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ﴿۳﴾ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ
﴿۴﴾ وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ﴿۵﴾ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ
دِیْنِ ﴿۶﴾

(1) Say (O Muhammad (Peace be upon him)to these Mushrikoon and Kafiroon): "O Al-Kafiroon (disbelievers in Allah, in His Oneness, in His Angels, in His Books, in His Messengers, in the Day of Resurrection, and in (2)"I worship not that which you Al-Qadar, etc.)!
(3) "Nor will you worship that which I worship. worship,

(4) "And I shall not worship that which you are worshipping. (5) "Nor will you worship that which I worship. (6)"To you be your religion, and to me my religion (Islamic Monotheism)."

(1) آپ فرما دیں اے کفر کرنے والو! (2) میں ان کی پوجا نہیں کرتا جن کی
تم پوجا کرتے ہو۔ (3) اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں
عبادت کرتا ہوں۔ (4) اور نہ ہی میں اُس کی عبادت کرنے والا ہوں جس کی
تم عبادت کرتے ہو۔ (5) اور نہ تم اُس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں
عبادت کرتا ہوں۔ (6) تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین
ہے۔

## سورہ اخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ۬ وَ لَمْ
يُوْلَدْ ۙ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

(1) Say (O Muhammad (Peace be upon him)): "He is Allah, (the) One. (2). "Allah-us-Samad (The Self-Sufficient Master, Whom all creatures need, He neither eats nor drinks) (3) "He begets not, nor was He begotten; (4)"And there is none co-equal or comparable unto Him."

(1) آپ فرما دیجیے وہ اللہ احد ہے۔(2) اللہ صمد ہے۔(3) نہ اس نے کسی کو
جنا ہے، اور نہ وہ کسی سے جنا گیا ہے۔(4) اور اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔

## سورہ فلق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَ مِنۡ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ
﴿۴﴾ وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

(1)|SAY: "I SEEK refuge with the Lord of rising day (2) "From the evil of what He has created; (3) "And from the evil of the darkening (night) as it comes with its darkness; (or the moon as it sets or goes away). (4) "And from the evil of the witchcrafts when they blow in the knots, (5) "And from the evil of the envier when he envies."

(1) آپ فرمادیں میں صبح کے رب کی پناہ لیتا ہوں۔(2) اس کی تمام مخلوق
کے شر سے۔ (3) اور اندھیرے کے شر سے پناہ لیتا ہوں جب وہ چھا
جائے۔(4) ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکیں مارنے والی
ہیں(5) اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

# سورہ الناس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ٪﴿۶﴾

(1) | SAY: "I SEEK refuge with the Lord of men, (2) "The King of mankind, (3) "The Ilah (God) of mankind, (4) "From the evil of the whisperer (devil who whispers evil in the hearts of men) who withdraws (from his whispering in ones heart after one remembers Allah , (5) "Who whispers in the breasts of mankind, (6)"Of jinns and men."

(1) آپ فرمادیں میں لوگوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوں (2) جو تمام لوگوں کا بادشاہ ہے۔ (3) سب لوگوں کا معبود ہے۔ (4) اس کے شر سے جو بار بار وسوسہ ڈالے جو چھپ کر حملہ کرے۔ (5) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ (6) خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے ہو۔

# قرآنی دعائیں

الشیخ حافظ محمد حبیب اللہ
الفضلی الختلی

اَعجازُ القُرآن
www.aejazulquran.com